★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★
E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE
چیف ایڈیٹر
ڈیشان جمیل بھٹی
بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)
چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو
روزنامہ
وائس آف ایشیا
ڈپٹی ایڈیٹر
تجمل عباس بھٹی
ڈپٹی نیوز ایڈیٹر
ارشاد احمد شاد
جلد نمبر 01 | جمعۃ المبارک 06 نومبر 2026ء 23 کاتک، 25 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 240

پولیو پاک پاکستان کا حصول ایک بڑا چیلنج ہے وزیر اعظم

ہمارا عزم اور حوصلہ اس چیلنج سے کہیں زیادہ مضبوط ہے، صوبوں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی مشاورت اور مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ یقینی بنانا ہے

وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت انسداد پولیو پر جائزہ اجلاس، وزیر اعظم نے ملک بھر میں انسداد پولیو مہمات کی کامیاب انعقاد کے لیے فرنٹ لائن پولیو ورکرز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم، محنت اور خدمات کو سراہا

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پولیو سے پاک پاکستان کا حصول ہماری ایک بڑی ترجیح ہے، ہمارا عزم اور حوصلہ اس چیلنج سے کہیں زیادہ مضبوط ہے، صوبوں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی مشاورت اور مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ یقینی بنانا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت انسداد پولیو پر جائزہ اجلاس ہوا، وزیر اعظم نے ملک بھر میں انسداد پولیو مہمات کی کامیاب انعقاد کے لیے فرنٹ لائن پولیو ورکرز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم، محنت اور خدمات کو سراہا، انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سیکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، ملک بھر میں معمول کی حفاظتی ٹیکہ جات (روٹین امیونائزیشن) کی کوریج کو مزید بہتر بنایا جائے۔ وزیر اعظم نے خصوصی طور پر پولیو سے متاثرہ اور پولیو کے حوالے سے تشویش کے حامل علاقوں میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج بڑھانے کی ہدایت کی۔ وزیر اعظم نے سکیورٹی خدشات کے حوالے سے حساس اور مشکل علاقوں میں انسداد پولیو مہمات کے لیے

باقی صفحہ 3 بقیہ 17



اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت انسداد پولیو پر جائزہ اجلاس

پولیس عوامی خدمت کے ساتھ کمیونٹی پولیسنگ کیلئے بھی مصروف عمل ہے

آئی جی پنجاب

آئی جی پنجاب عبدالکریم کی زیر صدارت پولیس ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس، اہم انتظامی و پولیسنگ امور پر تبادلہ خیال، پولیس کے تمام یونٹس اور فارمیشنز کے سربراہان کی شرکت، انتظامی امور کی موثر انجام دہی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت

کرائم، اہم پالیسی امور پر موثر فیصلہ سازی کے لیے پولیس ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کیے جارہے ہیں، پولیس ایگزیکٹو بورڈ اہم پالیسی امور پر فیصلہ سازی، لائینز آرڈر کرائم کنٹرول اور سروس ڈیلیوری میں بہتری کے لیے باہمی مشاورت سے کام کر رہا ہے، عبدالکریم

لاہور (سٹاف رپورٹر سے) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی زیر صدارت پولیس ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب پولیس کے تمام یونٹس اور فارمیشنز کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیسنگ اور انتظامی امور میں بہتری کے لیے مختلف تجاویز پیش کی گئیں جبکہ مختلف یونٹس کے سربراہان نے اپنے اپنے علاقوں میں امن و امان کی صورتحال پر بریفنگ دی۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ہدایت کی کہ تمام یونٹس کے سربراہان سفارش کریں کہ جو اہلکار اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جو اہلکار اپنے فرائض سے غفلت برتیں یا کوتاہی کے مرتکب ہوں ان کے خلاف بلاتفریق کارروائی کی جائے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پولیس کا ہر اہلکار عوام کا خادم ہے اور اسے عوام کے ساتھ شائستہ رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ انہوں

SPORTS کھیلوں کی دنیا

قائداعظم ٹرافی: محمد رضوان کی ناقابل شکست ڈبل سنچری

پشاور نے 503 رنز پر اننگز ڈیکلیئر کردی، پشاور کے کپتان محمد رضوان نے ٹیم کو فیصل آباد کے خلاف مضبوط پوزیشن میں پہنچا دیا

ایبٹ آباد (این این آئی) قائداعظم ٹرافی 2026-27 کے اقتتاحی راؤنڈ کے دوسرے روز پشاور کے کپتان محمد رضوان نے شاندار ڈبل سنچری اسکور کرتے ہوئے اپنی ٹیم کو فیصل آباد کے خلاف مضبوط پوزیشن میں پہنچا دیا۔ ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں پشاور نے 115.2 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 503 رنز بنا کر پہلی اننگز ڈیکلیئر کردی۔ محمد رضوان نے 252 گیندوں پر 200 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، جس میں 35 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ جواب میں فیصل آباد نے دوسرے دن کے اختتام تک 35.2 اوورز میں 2 وکٹوں پر 118 رنز بنا لیے۔

محمد رضوان نے فہام الحق اور سمیر حاکم کو اہل پی ڈبلیو ڈی کے خلاف مضبوط پوزیشن میں پہنچا دیا

محمد رضوان نے فہام الحق کو اہل پی ڈبلیو ڈی کے خلاف مضبوط پوزیشن میں پہنچا دیا

ملتان کی ٹیم ایک موقع پر 88 رنز پر 5 وکٹیں گنوا کر مشکل میں تھی، تاہم محمد رضوان اور سمیر حاکم کی 190 گیند طویل شراکت نے میچ کا پانسہ پلٹ دیا۔ حاکم 35 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، جبکہ رضوان نے 10 چوکے اور 3 چھکے لگائے۔ انہوں نے 200 رنز تک پہنچنے کے لیے 223 گیندیں کھیلیں۔ رضوان کی اننگز میں 89 رنز صرف چوکوں اور چھکوں کی مدد سے بنے۔ ان کے علاوہ ابراہیم زید نے 97 رنز کی اننگز کھیلی، جبکہ کپتان شاہ فیصل نے 56 رنز بنائے۔ فیصل آباد کی جانب سے ثاقب جاوید نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں فیصل آباد کی ٹیم 234 رنز پر آؤٹ ہوئی اور فالو آن کے بعد 190 رنز بنا سکی۔ عامر جمال نے 74 اور علی ذوہیب نے 51 رنز بنائے۔ شاہین شاہ آفریدی اور آفاق آفریدی نے 3، 3 وکٹیں حاصل کیں۔ آخر میں فیصل آباد کی ٹیم 118 رنز پر آؤٹ ہوگئی اور فالو آن کے باوجود 251 رنز سے میچ ہار گئی۔ پشاور کے ثاقب جاوید نے 4 وکٹیں حاصل کیں۔ پشاور کے کپتان محمد رضوان کو ان کی شاندار بیٹنگ پرفارمنس پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

قائداعظم ٹرافی، امپائر نے بابر اعظم کو غلط آؤٹ دیدیا، ویڈیو وائرل

قائداعظم ٹرافی میں واپسی پر بھی قومی ٹیسٹ کپتان بابر اعظم کی فارم بحال نہ ہوسکی

ایبٹ آباد (این این آئی) قائداعظم ٹرافی میں بابر اعظم کا بیٹ سے لگے بغیر وکٹ کیپر کے گلوز میں گئی اور جب بال زور لگنے اچھل کر گئی تو امپائر نے آؤٹ دے دیا۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ گیند بابر کے 120 رنز پر 3 وکٹوں کے اسکور پر 28 رنز پر بریک کررہے تھے، ثاقب جاوید آفاق نے گیند کی جو اچ لگے بغیر کیپر کے پاس گئی تھی، امپائر نے آؤٹ دے دیا۔ سوشل میڈیا پر کرکٹ شائقین کی جانب سے امپائر کے اس فیصلے پر تنقید کی جارہی ہے۔

گیم چینج ثابت ہوئی، ہیری بروک کی شاندار اننگز، انگلینڈ نے ایشز سیریز جیت لی

برمنگھم (اے ایف پی) ہیری بروک کی شاندار اننگز کی بدولت انگلینڈ نے ایشز سیریز جیت لی۔ برمنگھم میں کھیلے گئے پانچویں ٹیسٹ میچ کے تیسرے روز انگلینڈ کی ٹیم 384 رنز پر آؤٹ ہوئی۔ ہیری بروک نے 111 رنز بنائے۔ جواب میں آسٹریلیا کی ٹیم 271 رنز پر آؤٹ ہوئی۔ انگلینڈ نے دوسری اننگز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 342 رنز بنا کر میچ 4 وکٹوں سے جیت لیا۔ ہیری بروک نے 84 رنز بنائے۔ انگلینڈ نے 5 میچوں کی سیریز 3-1 سے جیت لی۔

یہ زندگی کے مشکل ترین دن ہیں، ظہیر کی موت کی وجہ بننے والے گول کیپر صدمے سے نڈھال

ظہیر نے کہا کہ ان کے دل میں ڈی میگوئل اور ان کے چاہنے والوں کے لیے بے حد دکھ ہے

(سپورٹس ڈیسک) کولمبین فٹبال لیگ کے کلاڈیو اچیسن ڈی میگوئل کی بیچ کے بعد ہلاکت نے فٹبال کی دنیا کو سوگوار کردیا، اس واقعے میں ملت گول کیپر اچیسن اوڈنے شدید دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ میری زندگی کے مشکل ترین دن ہیں، سابق اسی ایڈورا کے گول کیپر اچیسن اوڈنیچ کی آخری لمحات میں گول سے باہر آئے اور شیخیر جیف کے 30 سالہ ڈیفرڈ ڈی میگوئل سے ٹکرا گئے، اس دوران گول کیپر کا گھٹنا ڈی میگوئل کے سینے پر لگا جس کے بعد وہ میدان میں گر پڑے، طبی عملے نے ابتدائی امداد کے بعد انہیں اسپتال منتقل کیا جہاں انہیں دل کا دورہ پڑا اور آگی دم ان کی موت کی تصدیق کردی گئی، اوڈنے اپنے بیان میں کہا کہ یہ ان کی زندگی کے مشکل ترین دن ہیں اور وہ ابھی تک اس سانحے کو سمجھ سے قاصر ہیں، انہو نے مرحوم کے اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دل میں ڈی میگوئل اور ان کے چاہنے والوں کے لیے بے حد دکھ ہے۔ واضح رہے کہ حادثے کی تحقیقات کرنے والی کولمبیا فٹبال فیڈریشن نے کلب اور ریفری کی غیر ذمہ داری کا ارتکاب قرار دیا ہے، ابتدائی تحقیقات کا سامنا بھی کرنا پڑا، کولمبیا کے کلب اورا نکیوا نوریل کی کولمبیا فٹبال فیڈریشن نے ان کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ویرات کوہلی کی گلین فلپس کو جان سینا کے انداز میں چھیڑنے کی ویڈیو وائرل

اس دوران فلپس اپنے ساتھی کھلاڑی سے ایسے بات کرتے رہے جیسے کوہلی کو نظر انداز کررہے ہوں

(سپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹ اسٹار ویرات کوہلی نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں اپنی بیٹنگ کے ساتھ وکٹ کیپر کے باعث بھی توجہ کا مرکز بن گئے۔ آکلینڈ میں کھیلے گئے میچ کے دوران 15 ویں اوور میں کیوی بیٹر گلین فلپس بیٹنگ کے لیے میدان میں آئے تو پس منظر میں جان سینا کا مشہور انٹری میوزک چل رہا تھا، اسی موقع پر کوہلی نے دور سے فلپس کی جانب دیکھتے ہوئے جان سینا کا مشہور ہینڈ گیسٹرو می اشارہ کیا۔ بعد ازاں کوہلی خود فلپس کے قریب پہنچے اور ایک مرتبہ پھر یہی انداز اپناتے ہوئے نظر آئے۔ اس دوران فلپس اپنے ساتھی کھلاڑی سے ایسے بات کرتے رہے جیسے کوہلی کو نظر انداز کررہے ہوں۔ یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوگئی اور مداحوں کی جانب سے کوہلی کی اس شرارت کو خوب پسند کیا جارہا ہے۔



ٹی 20 ورلڈ کپ میں بھارت سے شکست کا ذمہ دار میں نہیں، اعظم خان

پاکستان کے فٹ اور بہترین کھلاڑی 120 رنز کا ہدف بھی حاصل نہیں کرسکے تھے، اعظم خان

(سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے وکٹ کیپر بیٹر اعظم خان نے 2024 کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں قومی ٹیم کی ناقص کارکردگی کا ذمہ دار ہونے سے انکار کردیا۔ اعظم خان نے کہا کہ پورے ٹورنامنٹ میں ان کی ناکامی کا ملبہ ان پر ڈالنا ناانصافی تھی کیونکہ ٹیم نے ٹی ٹوئنٹی میں صرف ایک میچ کھیلا اور وہ بھی ایک گیند کا سامنا کیا۔ اعظم خان کا کہنا تھا کہ ان کی فٹنس اور کھیلنے کی صلاحیت پر سوال اٹھانے والے یہ بھی دیکھیں کہ بھارت کے خلاف پاکستان کے دیگر فٹ اور بہترین کھلاڑی 120 رنز کا ہدف بھی حاصل نہیں کرسکے تھے۔ واضح رہے کہ 9 جون 2024 کو نیویارک میں بھارت نے پاکستان کو 6 رنز سے شکست دی تھی۔ بھارت نے پہلے کھیلتے ہوئے 119 رنز بنائے تھے اور پاکستان کے پاس میچ آسانی جیتنے کا سنہری موقع تھا تاہم پاکستان کی ٹیم 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر 113 رنز بنا سکی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ہدف 14 رنز دور کے 3 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ اعظم خان نے اننگز کے خلاف افغانستان کے خلاف میچ میں گولڈن ڈک پر آؤٹ ہونے کے بعد ٹورنامنٹ میں مزید کوئی میچ نہیں کھیلا جبکہ پاکستان گروپ مرحلے سے آگے بڑھنے میں بھی ناکام رہا تھا۔

پریمئر سپر لیگ ایڈیشن 10 ،پیکجز ،ایف بی آر نے میچز جیت لئے

پیکجز نے اور اولڈ راویئز اور ایف بی آر نے یو بی سپورٹس کو شکست دی

لاہور (این این آئی) پریمئر سپر لیگ ایڈیشن 10 میں مرید وآئڈ میچز کا فیصلہ ہوگیا جس میں اننگز اور فیڈرل رو آف ریونیو نے کامیابی حاصل کی۔ پہلے میچ میں بنکرز اور اولڈ راویئز کے مابین مقابلہ آئی آئی، بنکرز نے 8 کھلاڑیوں کے نقصان پر 175 کا مجموعہ بنایا۔ محمد وقاص 64 رنز بنا کر 35 اور ماہد حسیب 26 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ اولڈ راویئز کی جانب سے خوبرو ترمیذ نے 4، وہاب خان اور ربیع آصف نے ایک، ایک کھلاڑ کو آؤٹ کیا۔ دوسرے میچ میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ڈی پی ورلڈ کو 7 رنز سے ہرا دیا۔ ڈی پی ورلڈ ٹیم نے پہلے کھیلتے ہوئے 5 وکٹیں گنوا کر 177 رنز بنائے۔ شاہد اقبال 52 اور اقبال 42 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ایف بی آر کی جانب سے محمد صفدر نے 2 جبکہ فہد مقبول اور یاسر شاہ نے ایک، ایک کھلاڑی کو پویلین کی راہ دکھائی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے مطلوبہ ہدف 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ شرجیل جنید 70 جبکہ عثمان 35 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ایف بی آر کی جانب سے محمد حبیب اور محمد اسامہ نے ایک، ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ تیسرے میچ میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ڈی پی ورلڈ کو 7 رنز سے ہرا دیا۔ ڈی پی ورلڈ ٹیم نے پہلے کھیلتے ہوئے 5 وکٹیں گنوا کر 177 رنز بنائے۔ شاہد اقبال 52 اور اقبال 42 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ایف بی آر کی جانب سے محمد صفدر نے 2 جبکہ فہد مقبول اور یاسر شاہ نے ایک، ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

☆☆☆☆





ماسکو باسکٹ بال لیگ میچ کے دوران کھلاڑی بال کے حصول کیلئے جدوجہد کررہے ہیں

SHOBIZ

حنا الطاف کے کراچی کو جیل کہنے پر مرتضی وہاب کا طنزیہ ردعمل

(شوبز ڈیسک) میئر کراچی مرتضی وہاب نے اداکارہ حنا الطاف کے شہر کو جیل قرار دینے والے بیان پر ردِ عمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں اداکارہ کا نام تو معلوم نہیں، تاہم کراچی کے حالات کے بارے میں رائے دینے سے پہلے ماضی کو بھی یاد رکھنا چاہیے۔ ایک پریس کانفرنس کے دوران صحافی نے حنا الطاف کے بیان سے متعلق سوال کیا تو مرتضی وہاب نے کہا کہ انہوں نے حال ہی میں وزیرِ اعلیٰ سندھ کو مزاحیہ خاکہ پیش کرتے دیکھا ہوگا، جہاں ان کے ساتھ وزراء، بلدیاتی نمائندے اور عام شہری بھی موجود تھے۔ ان کے مطابق وہاں لوگوں کا ایک ہجوم تھا۔ میئر کراچی نے کہا کہ پیپلز پارٹی سے تعلق کے باعث بعض لوگ بھول جاتے ہیں کہ تقریباً 20 سال پہلے شہر کے حالات کیسے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس دور میں پوری بندرگاہیں، ہڑتالوں، بھتہ خوری اور خوفناک مسائل کا سامنا تھا، تاہم ان کے بقول اب یہ صورت حال نہیں رہی۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ کراچی کا ہر باسی اپنی رائے دینے میں آزاد ہے، تاہم یہ بھی ضروری ہے کہ رائے دیتے وقت حقائق کو مدِنظر رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے حالات پر بھی مثبت تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس صورت حال کو بہتر بنانے کے لیے کام کررہے ہیں اور یقین دلایا کہ آئندہ حالات اس سے بھی بہتر ہوں گے۔ میئر نے مزید کہا کہ شہر کی پارٹی کے خلاف تعصب رکھنے والوں کے لیے ان کے پاس مثبت علاج کی سہولت موجود ہے۔

مختصر لباس کے ساتھ دوپٹہ اوڑھنے پر مصنوعی انتقید کی زد میں آگئیں

(شوبز ڈیسک) بیرونِ ملک مقیم اداکارہ مصنوعی انتقید کی زد میں آگئیں

میڈیا سارفین نے لباس کے انتخاب پر مختلف تبصرے شروع کردیے۔ بعض سارفین نے ان کے انداز کو نامناسب قرار دیا، جبکہ کئی صارف نے مذہبی حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عبایہ میں بھی اس طرح سر ڈھانپنے اور جسم نمایاں رکھنے کی اجازت نہیں۔ ایک اور صارف نے طنزیہ انداز میں پوچھا کہ کیا وہ پاکستان میں اپنا لباس بھول آئی ہیں؟ کسی نے ان کے لباس کو ناپسند کیا تو بعض دیگر تبصروں میں بھی ان کے انداز کو تنقید کی گئی۔ سوشل میڈیا پر سامنے آنے والے یہ تبصرے صارفین کی ذاتی آرا ہیں، جبکہ مصورہ اکی جانب سے اس تنقید پر تاحال کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔

☆☆☆☆

جی ٹی اے 6 کے شائقین تیار ہو جائیں، ڈان لوڈ کی تاریخ اور جیران کن سائز سامنے آگیا

(شوبز ڈیسک) بدنام زمانہ مجرم مشن ویڈیو گیم گریڈ تھیفٹ آٹو 6 کا انتظار ختم ہونے کو قریب ہے، جبکہ گیم بنانے والی کمپنی راک اسٹار گیمز نے اس کی پری لوڈ تاریخ اور ڈان لوڈ سائز سے متعلق تفصیلات جاری کردی ہیں۔ کمپنی کے مطابق جی ٹی اے 6 کی ڈیجیٹل کاپیاں خریدنے والے صارفین 10 نومبر 2026 سے گیم کو پری لوڈ کرسکیں گے، جبکہ اس کی باضابطہ ریلیز 19 نومبر کو ہوگی۔ پلے اسٹیشن پر پری لوڈ ستائی وقت کے مطابق رات 12 بجے شروع ہوگا۔ راک اسٹار گیمز کے مطابق گیم پری لوڈ کرنے کے لیے ڈیوائس کے کم از کم زیادہ سے زیادہ 212 جی بی خالی جگہ درکار ہو گی۔ اتنے بڑے سائز کے باعث متوقع گیمر ذکر اپنی کنسول اسٹوریج خالی کرنا پڑ سکتی ہے۔

☆☆☆☆

11 سال کی عمر میں تنقیدات کی بچشش ہوئی، ہالی وڈ اداکارہ کا چونکا دینے والا انکشاف

(شوبز ڈیسک) ہالی وڈ کی مشہور فلم نوکن سے شہرت حاصل کرنے والی اداکارہ ڈکنسن کین نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں محض 11 سے 13 سال کی عمر میں فلمی تقریبات کے دوران تنقیدات کی بچشش کی جاتی تھی۔ 21 سالہ اداکارہ نے پوڈکاسٹ انٹرایکٹو آف یو میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ کم عمری میں ہالی وڈ کی دنیا میں قدم رکھنے کے بعد انہیں کئی ایسے تجربات کا سامنا کرنا پڑا جنہوں نے ان شخصیات اور شراب سے دور رہنے پر آمادہ کیا۔ ڈکنسن کین کے مطابق انہیں فلم کی شوٹنگ مکمل ہونے پر منعقد ہونے والی پارٹیوں میں نوکین کی بچشش کی گئی، تاہم انہوں نے بمبئی انکار کیا۔ اداکارہ نے بتایا کہ وہ آج بھی شراب اور شخصیات سے دور رہتی ہیں اور وہ ستوں کے ساتھ تقریبات میں شرکت کے بار جود نہیں کرتیں۔





سارہ خان نے پہلی بار اپنی چھوٹی بیٹی کی تصاویر مداحوں کے ساتھ شیئر کر دی

(شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سارہ خان نے پہلی بار اپنی چھوٹی بیٹی رایہ کی جھلک مداحوں کے ساتھ شیئر کر دی۔ سارہ خان حال ہی میں نمایاں سر کے مارننگ شوز میں شرکت کرتے ہوئے نظر آئی تھیں، جس میں انہوں نے اپنی چھوٹی بیٹی رایہ کو پہلی بار میڈیا پر متعارف کروایا۔ اداکارہ نے میزبان نمایاں سر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اس سے قبل کسی میڈیا پلیٹ فارم پر رایہ کو پیش نہیں کیا کیونکہ وہ یہ پبلسٹی نہیں چاہتی تھیں۔ تاہم اب وہ چاہتی ہیں کہ لوگ رایہ کو دیکھ لیں اور یہ بھی کہا کہ وہ رایہ کو اپنے ساتھ ہر جگہ نہیں لے جاتیں۔ دوسری جانب گلوکار فلک شبیر نے بھی اپنے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ پر بھی رایہ کی خوبصورت تصاویر شیئر کیں۔

کینڈل جنمر کی سالگرہ پر کاٹی جنمر نے دل کی بات کہہ دی

(شوبز ڈیسک) اسرئیلی ہالی ووڈ اداکارہ کینڈل جنمر کی 31 ویں سالگرہ پر ان کی چھوٹی بہن اور معروف اداکارہ ری فضیلت کاٹی جنمر نے محبت بھرا پیغام شیئر کر کے اداکارہ کے دل جیت لیے۔ کاٹی جنمر نے انسٹاگرام پر اپنی بہن کے ساتھ کچھ تصاویر کی خوبصورت تصاویر شیئر کیں اور ان کے ساتھ گزارے یادگار لمحات کو یاد کرتے ہوئے لکھا کہ آج میں تمہارے بغیر ساتھ ہونے اور تمہارے کردار کا بہت بڑا حصہ ہے۔ بہن کا محبت بھرا پیغام دیکھ کر کینڈل جنمر بھی جذباتی ہوگئیں اور انہوں نے بھی اپنی بہن کے ساتھ کچھ خوبصورت تصاویر شیئر کیں اور ان کے ساتھ گزارے یادگار لمحات کی جھلکیاں ک میں گزارے گئے خوبصورت لمحات کی جھلکیاں

عرئی جاوید نے چڑیوں سے تیار کیا گیا وزنی لباس پہن کر سب کو حیران کردیا

(شوبز ڈیسک) غیر روایتی لباس پہن کر لوگوں کو حیران کرنے والی عرئی جاوید نے اس بار اصیل ایس ڈیزائن کیا ہے جسے دیکھ کر فیشن کے شوقین افراد بھی دنگ رہ گئے۔ سوشل میڈیا اسٹار عرئی جاوید کا یہ منفرد لباس تقریباً 13 ہزار چڑیوں سے تیار کیا گیا ہے۔ جس کا وزن 20 کلوگرام بتایا جارہا ہے۔ اتنا بھاری لباس پہننا اور اسے سنبھالنا یقیناً آسان کام نہیں، تاہم عرئی جاوید نے منفرد انداز سے ایک بار پھر توجہ حاصل کرنے میں کامیاب رہی ہیں۔ واضح رہے کہ عرئی جاوید اس سے قبل بھی شیشے کے گلوبوں، تاروں اور دیگر غیر معمولی اشیاء سے تیار کردہ ملبوسات پہن کر سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن چکی ہیں۔



ڈی جے ایلن واکر لاہور پہنچ گئے، پاکستانی گلوکاروں کے ساتھ نئے میوزک پروجیکٹ کا امکان

(شوبز ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ ڈی جے اور میوزک پروڈیسر ایلن واکر کی لاہور آمد نے پاکستانی مداحوں کو خوشگوار حیرت میں مبتلا کردیا ہے۔ ایلن واکر نے اپنے آفیشل انسٹاگرام پر لاہور کی گلیوں میں گھومنے پھرنے کی ویڈیو اور اسٹوری شیئر کیں، جس سے ان کی پاکستان آمد کی خبر سامنے آئی۔ ان کی انسٹاگرام اسٹوریز سے مندرجہ بالا ہے کہ وہ پاکستانی گلوکاروں حمزہ ملک اور زین ذوہیب کے ساتھ کسی میوزک پروجیکٹ پر کام کرنے کے لیے لاہور آئے ہیں۔ ایلن واکر نے گانے کے الفاظ کی میوزک ویڈیو بھی دیکھی، جس میں گلوکاروں کے پیچھے ایک پیغام ایک شخص موجود تھا۔ اس شخص کا لباس ایلن واکر کے مخصوص انداز سے مشابہ تھا جس پر ڈی جے نے عالمی شہرت پانے والے ایلن واکر نے ویڈیو شیئر کرتے ہوئے دلچسپ انداز میں سوال کیا کہ اس میں ایلن واکر کہیں اکثر ہے تو والا شخص کون ہے؟ ساتھی نے انہیں نے گانے کی تعریف بھی کی۔ بعد ازاں انہوں نے نیو نیوٹ میوزک پر جاری کی جانب سے دیے گئے جواب میں کہا کہ اسکرین شاٹ بھی ایلن اسٹوری پر شیئر کیا۔ حمزہ ملک نے جواب میں لکھا کہ ایلن واکر فی الحال پاکستان میں ہیں اور یہ ایک بہت بڑا پروجیکٹ ہے۔ ایلن واکر کے لاہور آمد کی خبر سامنے آنے کے بعد سے ہی مداحوں میں ان کی ایک جھلک دیکھنے کا اشتیاق پایا جارہا ہے۔



آریانا گرانڈے کو سابق بوائے فرینڈ سے دوبارہ محبت ہوگئی، تصاویر دیکھیں

دلچسپ بات یہ ہے کہ دونوں 2015 سے 2016 کے دوران بھی ایک دوسرے کے ساتھ تعلق میں رہ چکے ہیں

(شوبز ڈیسک) امریکی گلوکارہ آریانا گرانڈے ایک بار پھر اپنی نجی زندگی کے باعث خبروں کی زد میں آگئی ہیں، جب انہوں نے اپنے بوائے فرینڈ ریڈ کی الوارز کے ساتھ رومانوی تصاویر شیئر کیں۔ 33 سالہ گلوکارہ نے انسٹاگرام پر پیغام شیئر کیا، جس میں وہ 35 سالہ کی الوارز کے ساتھ محبت کا اظہار کرتی دکھائی دے رہی ہیں۔ ایک تصویر میں دونوں ایک دوسرے کی بانہوں میں نظر آئے جبکہ دوسری تصویر میں آریانا اپنے بوائے فرینڈ کی پیشانی چومتی دکھائی دیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ دونوں 2015 سے 2016 کے دوران بھی ایک دوسرے کے ساتھ تعلق میں رہ چکے ہیں، تاہم طلیحہ کے تقریباً 10 سال بعد ان کی محبت دوبارہ پروان چڑھی ہے۔ آریانا نے رواں سال اکست میں اپنے تعلق کی تصدیق سوشل میڈیا پر کی تھی۔

☆☆☆☆☆

جنگی جنون کو عوامی ووٹ کا جواب

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کہلانے والے امریکہ کے وسط مدتی انتخابات نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی ریپبلکن پارٹی کو ایسا جھٹکا دیا ہے جس کے اثرات صرف امریکی سیاست تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ عالمی سیاست، مشرقِ وسطیٰ کے حالات اور خصوصاً جنگ سے جڑی ہر بحث پر بھی مرتب ہوں گے۔ ان انتخابات میں ڈیموکریٹک پارٹی نے امریکی کانگریس کے دونوں ایوانوں، ایوانِ نمائندگان اور سینیٹ کا کنٹرول حاصل کر کے ٹرمپ انتظامیہ کے لیے ایک بڑا سیاسی جھٹکا کھڑا کر دیا ہے۔ یہ محض دو سیاسی جماعتوں کے درمیان انتخابی مقابلے کا نتیجہ نہیں بلکہ امریکی عوام کی جانب سے جنگوں پر ناپسندیدگی، بنجمن نیتن یاہو اور معاشی ترجیحات پر دیے جانے والا ایک واضح فیصلہ ہے۔

صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ پچھلے دو برسوں سے مکمل ترین سپورٹ کے باوجود اس کے اتحادی ملک کو امریکی عوام کی نظر میں اپنی خواہش کے مطابق مقبول نہیں بنا سکی۔ اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ عوام نے دیکھ لیا کہ ٹرمپ کی ہر پالیسی کا فائدہ صرف اسرائیل کو ہو رہا ہے، جبکہ امریکہ کو اس کی بھاری قیمت چکانی پڑ رہی ہے۔ اس کی سب سے بڑی مثال ایران پر مسلط کی گئی جنگ ہے۔ اس جنگ کے نتیجے میں امریکہ کو اربوں ڈالر کا نقصان ہوا، اس کے فوجی اڈوں پر حملے ہوئے، اس کے اتحادی ممالک کی معیشتیں متاثر ہوئیں اور اس کے باوجود اس جنگ کا کوئی واضح مقصد یا کامیابی عوام کے سامنے پیش نہیں کی جا سکی۔ یہی وہ نکتہ تھا جس پر امریکی ووٹر نے سوال اٹھایا اور اس کا جواب ووٹ کی صورت میں سامنے آیا۔

ٹرمپ انتظامیہ نے اس جنگ کو اسرائیل کے دشمن کے خلاف ایک ضروری اقدام کے طور پر پیش کیا تھا، مگر امریکی عوام کے لیے یہ بات کبھی بھی قابلِ قبول نہیں رہی کہ ان کے ٹیکس کا پیسہ اور ان کے فوجی کسی ایسی جنگ میں جھونکے جائیں جس کا براہِ راست تعلق امریکہ کے قومی مفاد سے نہ ہو۔ ایران کے ساتھ جنگ کے نتیجے میں امریکہ کو جو نقصان اٹھانا پڑا، اس نے ٹرمپ کی اس بیانیے کو بھی کمزور کر دیا کہ امریکہ دنیا میں طاقت کے ذریعے امن قائم کر رہا ہے۔ عوام نے دیکھا کہ طاقت کے استعمال سے نہ تو خطے میں استحکام آیا اور نہ ہی امریکہ کی پوزیشن مضبوط ہوئی۔ یہ ووٹ دراصل اسی مایوسی اور ناراضی کا اظہار ہے۔

اس جنگ کا سب سے بڑا فائدہ اسرائیل کو ہوا، جس کے لیے ٹرمپ انتظامیہ نے امریکی مفادات کو داؤ پر لگا دیا۔ اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں کی حمایت، اس کے دفاع کے لیے امریکی وسائل کا بے دریغ استعمال اور عالمی سطح پر اس کے مؤقف کی وکالت نے امریکہ کو ایک ایسی جنگ میں الجھا دیا جس سے اس کا کوئی براہِ راست قومی مفاد وابستہ نہیں تھا۔ امریکی عوام نے اس صورتحال کو بھی مسترد کر دیا ہے۔ ووٹ کا پیغام واضح ہے کہ امریکہ کو اب اپنے وسائل اپنے عوام پر خرچ کرنے ہیں، نہ کہ کسی اور ملک کی جنگ پر۔

ٹرمپ کی معاشی پالیسیوں کو بھی عوام نے مسترد کیا ہے۔ مہنگائی، بلند شرحِ سود اور روزمرہ اشیاء کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے امریکی گھرانوں کو شدید دباؤ میں رکھا۔ ٹرمپ کی ٹیکس پالیسیوں کا فائدہ بڑی کارپوریشنز اور امیر طبقے کو ہوا، جبکہ عام شہری مہنگائی کے بوجھ تلے دبتا چلا گیا۔ وسط مدتی انتخابات میں عوام نے اسی ناانصافی کے خلاف اپنا ردِعمل دیا ہے۔ یہ ووٹ ٹرمپ کی معاشی حکمتِ عملی پر بھی عدم اعتماد کا اظہار ہے۔


ان انتخابات کا سب سے بڑا پیغام یہ ہے کہ عوام جنگ اور امن کے معاملے میں اب خاموش تماشائی بننے کو تیار نہیں۔ وہ اپنے ووٹ کے ذریعے حکمرانوں سے جواب طلبی کر رہے ہیں۔ یہ فیصلہ صرف ٹرمپ کے خلاف نہیں بلکہ اس سوچ کے خلاف بھی ہے جو امریکہ کو دنیا کا تھانیدار سمجھتی ہے اور ہر مسئلے کا حل فوجی مداخلت میں تلاش کرتی ہے۔ امریکی عوام نے واضح کر دیا ہے کہ اب وہ ایسی خارجہ پالیسی کو برداشت نہیں کریں گے جو ان کے وسائل ضائع کرے اور دنیا میں امریکہ کی ساکھ کو نقصان پہنچائے۔

اس ووٹ کے اثرات صرف امریکہ تک محدود نہیں رہیں گے۔ اس کے اثرات عالمی سطح پر بھی محسوس کیے جائیں گے۔ یورپی اتحادی، جو اب تک ٹرمپ کی پالیسیوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے تھے، اب زیادہ خود مختاری کی طرف جا سکتے ہیں۔ نیٹو کے اندر بھی امریکہ کا اثر و رسوخ کم ہو سکتا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ میں بھی اس فیصلے کے اثرات دیکھنے کو ملیں گے۔ ایران کے خلاف جنگ کو زیادہ دیر تک جاری رکھنا اب امریکہ کے لیے ممکن نہیں رہا۔ وہاں نئی امریکی انتظامیہ کو یا تو سفارت کاری کا راستہ اپنانا ہوگا یا پھر ایک ایسی جنگ میں الجھنا ہوگا جس کی حمایت امریکی عوام میں تیزی سے کم ہو رہی ہے۔

یہ ووٹ دراصل امن کے حق میں دیا گیا ہے۔ یہ ان ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کی آواز ہے جو اپنے بچوں کو کسی بیرونی جنگ کا ایندھن بنتے نہیں دیکھنا چاہتیں۔ یہ ان ٹیکس دہندگان کا فیصلہ ہے جو اپنی محنت کی کمائی کو بموں اور میزائلوں پر خرچ ہوتا نہیں دیکھنا چاہتے۔ یہ ان شہریوں کا مطالبہ ہے جو اپنے ملک کو دنیا کا تھانیدار نہیں بلکہ ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر دیکھنا چاہتے ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ٹرمپ اس پیغام کو سمجھ کر اپنی پالیسیوں میں کوئی لچک دکھاتے ہیں یا وہ اسی ٹکراؤ کی راہ پر گامزن رہتے ہیں جس نے انہیں اور ان کے اتحادی کو اس مقام تک پہنچایا ہے۔

علامہ اقبال اور فطرت شناسی

از قلم: ندیم یعقوب گوہر



آج کا انسان ایک ایسے ہمہ گیر ماحولیاتی اور تہذیبی بحران کی زد میں ہے جس نے صرف کرۂ ارض کے بدلتے موسموں، اقتصاد کے غیر متوازن ہونے اور کئی انسانی بیماریوں کو جنم دیا ہے۔ ان حالات نے دنیا بھر کے بہترین مفکرین، انجینئرز اور پالیسی سازوں کو مجبور کر دیا ہے کہ وہ ایسی تعمیراتی طریقوں پر نظرِ ثانی کریں۔ جو ماحول دوست ہیں "موسمیاتی فن تعمیر (Climate Architecture) ایک ایسے ہی انسان دوست اور فطرت کے نظریے کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے۔ یہ صرف اینٹ اور گارے سے کھیل نہیں، بلکہ یہ ہمارے ماحول کے ساتھ ہم آہنگ ہونے کا ایک ایسا طریقہ ہے۔

موسمیاتی فن تعمیر کا مفہوم

موسمیاتی فن تعمیر سے مراد عمارتوں اور شہری ڈھانچوں کا ایسا ڈیزائن ہے جو مقامی آب و ہوا، موسم کے اثرات اور قدرتی وسائل کی بہترین کو مدِنظر رکھتا ہے۔ اس کا بنیادی مقصد عمارتوں کو ماحول دوست بنانا، کاربن کے اخراج کو کم کرنا اور قدرتی وسائل جیسے سورج کی روشنی اور ہوا کا بہترین استعمال کرنا ہے۔

ارتقائی مراحل: ماضی سے حال تک

انسانی تاریخ میں عمارتیں ہمیشہ مقامی ماحول کے مطابق بنائی جاتی رہی ہیں۔ قدیم دور میں مٹی، پتھر اور لکڑی کا استعمال اور روایتی طرزِ تعمیر اسی ضرورت کے تحت وجود میں آیا۔ صنعتی انقلاب کے بعد کنکریٹ اور شیشے کی بڑی عمارتوں کا رجحان عام ہوا، جن کے لیے ایئر کنڈیشنر اور مصنوعی روشنی ضروری بن گئی۔ اس جدید طرزِ تعمیر نے ماحول کے ساتھ ہم آہنگی کو بری طرح متاثر کیا۔

جدید موسمیاتی فن تعمیر کی اہم خصوصیات

توانائی کی کم کھپت (Net-Zero Energy): جدید عمارتیں سورج کی روشنی سے توانائی حاصل کرنے کے لیے سولر پینلز کا استعمال کرتی ہیں تاکہ وہ خود کفیل بن سکیں۔

مواد کا جوشیار انتخاب: ایسے مواد کا استعمال جو کاربن کے اثرات کو کم کرتا ہو، جیسے کہ دوبارہ استعمال شدہ لکڑ، ماحول دوست کنکریٹ یا ری سائیکل شدہ اسٹیل۔

قدرتی وینٹیلیشن اور موصل (Insulation): عمارتوں کے رخ اور ساخت کچھ اس طرح ترتیب دی جاتی ہیں کہ سردیوں میں وہ گرمیوں میں گرمی کو جذب کر کے اندر کے درجۂ حرارت کو معتدل رکھتی ہیں۔

شہری ہریالی اور چھتوں کے باغات (Green Roofs): شہروں کے درجۂ حرارت کو کم کرنے کے لیے عمارتوں کی چھتوں اور دیواروں پر پودے اگانا، جو آلودگی کو بھی جذب کرتے ہیں۔


مستقبل کی سمت اور چیلنجز


موسمیاتی فن تعمیر کا مستقبل اس بات سے وابستہ ہے کہ ہم روایتی سوچ کو کیسے چھوڑ کر مستقبل کی ضروریات کو سمجھیں۔ ترقی پذیر ممالک، بالخصوص پاکستان جیسے ملکوں میں، جہاں شدید گرمی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے خطرات سب سے زیادہ ہیں، اس شعبے میں مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔ سرکاری سطح پر ایسی پالیسیاں بنانے کی ضرورت ہے جو نجی شعبے کو بھی ترغیب دے سکیں۔


موسمیاتی فن تعمیر محض ایک فیشن نہیں بلکہ ہر اس فرد کی ضرورت ہے جو اپنے اور اپنے ماحول کے درمیان ایک پائیدار اور خوبصورت توازن قائم کرنا چاہتا ہے۔ یہ ہمیں سکھاتا ہے کہ ہم اپنے گھروں کو کیسے بنائیں تاکہ وہ ہمارے لیے بھی آرام دہ ہوں اور زمین کے لیے بھی بوجھ نہ بنیں۔ یہ ایک ایسا راستہ ہے جو ہمیں ایک صحت مند اور محفوظ مستقبل کی طرف لے جا سکتا ہے۔


موسمیاتی معمار کی ارتقائی شکل



































لا الہ الا اللہ، نجات، ایمان اور کامیابی کا عظیم کلمہ۔۔۔۔

تحریر: اختر مہر




کائنات میں سب سے عظیم حقیقت اللہ تعالیٰ کی وحدانیت ہے، اور اسی حقیقت کا اعلان کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ ہے جس کا مطلب ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ یہ کلمہ اسلام کی بنیاد، زندگی کا مقصد اور نجات کا راستہ ہے۔ اس کلمے کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ ایک مسلمان کی زندگی کا مقصد اللہ کی رضا

لودھراں پنجاب پبلک اسکول میں 10 سالہ طالبہ پر مبینہ تشدد، والدین کی پریس کانفرنس

والدین نے حکام سے اپیل کی کہ کسی بھی بچے کو ہراساں کرنے یا جسمانی سزا دینے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے



لودھراں (چودھری منیر سے) پنجاب پبلک اسکول کے خلاف 10 سالہ طالبہ کے والدین نے مبینہ تشدد اور اسکول سے نکالے جانے کے معاملے پر ورکنگ جرنلسٹ پریس کلب لودھراں رجسٹرڈ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ اسکیورٹی گارڈ اور اساتذہ نے ان کی بیٹی شہباز کو ہراساں کیا اور اسے اسکول سے نکال دیا گیا متاثرہ والدین نے بتایا کہ انہوں نے اس معاملے پر ڈپٹی کمشنر لودھراں کو تحریری درخواست بھی دے دی ہے۔ انہوں نے ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔



لودھراں (چودھری منیر سے) گنس دو دیہیوں کی بازیابی کے لیے والدین کی کاوشوں کو اس وقت بڑی کامیابی ملی جب والدین پرویز عمدانی کے بیٹے محمد ابوبکر اور بیٹی مریم عمدانی کو 8 گھنٹے کا انتظار کرنے کے بعد والدین پرویز عمدانی کے حوالے کر دیا گیا۔ والدین پرویز عمدانی نے بتایا کہ ان کے بچوں کو اغوا کرنے والے ملزم کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ ملزم کی شناخت ہونے پر اس کے والدین کو بھی تھانے بلایا گیا تھا۔ ملزم کے والد نے بتایا کہ ان کا بیٹا ذہنی طور پر معذور ہے اور اس نے غلطی سے بچوں کو اغوا کیا تھا۔ ملزم کے والد نے والدین سے معافی مانگی۔ ملزم کے والد نے بتایا کہ ان کا بیٹا ذہنی طور پر معذور ہے اور اس نے غلطی سے بچوں کو اغوا کیا تھا۔ ملزم کے والد نے والدین سے معافی مانگی۔

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں محکمہ تعلیم کی کارکردگی، پبلک سکول برائے گرلز کارنیٹن روڈ پر گرام، سکولوں اور اساتذہ کی تعداد، خالی اسامیوں، داخلہ مہم، پیف ٹو سکول مہم، مدارس کے انتظامی امور اور پرائیویٹ سکولز رجسٹریشن، کاس رجسٹریشن، ماہوار حاضری، اساتذہ کی حاضری اور تدریسی معیار پر خصوصی توجہ دی گئی۔ سکولوں کے انتظامی امور اور محکمہ تعلیم کے مالی معاملات پر بھی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ ذمہ دار ہی جناب مریم الزمانی صاحبہ کے ویژن کے مطابق سکولوں میں معیاری تعلیم اور سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام سکولوں کے ہیڈ اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے سکول کے ہر بچے کی ذہنی و جسمانی نشوونما پر توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچہ قیمتی ہے اور اس کی حفاظت ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ اساتذہ کی تربیت اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچہ قیمتی ہے اور اس کی حفاظت ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ اساتذہ کی تربیت اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے مریم نواز سکول ہیلتھ اینڈ ویلنس پروگرام کے تحت ضلع وہاڑی کے 5 سکولوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے سکولوں میں طلبہ کی صحت کے حوالے سے جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہمارے بچے ہمارا مستقبل ہیں اور ان کی صحت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہیلتھ اینڈ ویلنس پروگرام کے تحت بچوں کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچہ قیمتی ہے اور اس کی حفاظت ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ اساتذہ کی تربیت اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچہ قیمتی ہے اور اس کی حفاظت ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ اساتذہ کی تربیت اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

گورنمنٹ ہائی اسکول سے مطالبات کے لاپتہ ہونے پر والدین کا احتجاج، حکومت کو 8 گھنٹے کا الٹی میٹم


وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ کیا ہے کہ بچیوں کی فوری بازیابی یقینی بنائی جائے اور ان پر انصاف فراہم کیا جائے



لودھراں (چودھری منیر سے) گنس دو بچیوں کی بازیابی کے لیے والدین کی احتجاجی کال پر 8 گھنٹے کا الٹی میٹم والدین پرویز عمدانی اور محکمہ تعلیم فاطر خیر پھیلا کے والدین کو مزید بڑی ذلت سے بچنا کر دیا ہے والدین پرویز عمدانی اور والدہ ارشاد بی بی کا سکول کے سامنے احتجاج، حکام سے فوری ٹرانسفر کا مطالبہ تحصیل کے مطابق تین روز قبل گورنمنٹ ہائی سکول سدھانے کلی لودھراں کی کلاس نہم کی دو سگی بچیوں (F) اور (M) کے لاپتہ اور اغوا ہونے کی بازیابی کے لیے والدین پرویز عمدانی اور ارشاد بی بی نے والدین کے ساتھ احتجاج کرتے ہوئے پریس کانفرنس میں مطالبہ کیا ہے کہ بچیوں کی فوری بازیابی یقینی بنائی جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ کا مریم نواز سکول ہیلتھ اینڈ ویلنس پروگرام کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومت پنجاب خصوصی بچوں کو معیاری تعلیم اور جدید سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے مریم نواز سکول ہیلتھ اینڈ ویلنس پروگرام کا دورہ کیا۔ انہوں نے سکول میں جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ ہمارے بچے ہمارا مستقبل ہیں اور ان کی صحت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہیلتھ اینڈ ویلنس پروگرام کے تحت بچوں کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچہ قیمتی ہے اور اس کی حفاظت ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ اساتذہ کی تربیت اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچہ قیمتی ہے اور اس کی حفاظت ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ اساتذہ کی تربیت اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی ملک منیر اقبال چنڑ کا پیپلز سیکرٹریٹ بہاولپور کا دورہ

انہوں نے نئی تعمیر ہونیوالی عمارت کا معائنہ کیا اور پارٹی ورکرز سے ملاقات کی، عہدیداران اور کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی



بہاولپور (چودھری منیر سے) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی ملک منیر اقبال چنڑ نے پیپلز سیکرٹریٹ بہاولپور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے نئی تعمیر ہونیوالی پاکستان پیپلز پارٹی کی عمارت کا معائنہ کیا اور پارٹی عہدیداران اور کارکنوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کے راہنماؤں اور کارکنوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر سید احمد شاہ بخاری اور ضلعی جنرل سیکرٹری محمد ریاض الحسن ڈوگر بھی موجود تھے۔ ملک منیر اقبال چنڑ نے پیپلز پارٹی کے عہدیداران اور کارکنوں کی بڑی تعداد کی شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ایک نظریاتی جماعت ہے اور اس کے کارکن اس کا اصل اثاثہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے کارکنوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے کارکنوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

بورے والا بار ایسوسی ایشن انتخابات چودھری عمران ارشاد آرائیں کی کامیابی کے امکانات روشن ہو گئے

بورے والا بار ایسوسی ایشن کے انتخابات میں امیدوار برائے صدر چودھری عمران ارشاد آرائیں ایڈووکیٹ کی حمایت میں ایک اور اہم ڈویژن ساتھ آ گئی سنیئر بار ممبر چودھری محمد انور وڑائچ ایڈووکیٹ نے اپنے ساتھیوں اور احباب کے ہمراہ چودھری عمران ارشاد آرائیں کی حمایت کا باضابطہ اعلان کر دیا جس کے بعد ان کی انتخابی پوزیشن مستحکم ہو گئی ہے اور کامیابی کے امکانات واضح طور پر بڑھ گئے ہیں۔ انتخابات کے حوالے سے انتظامات حتمی شکل اختیار کر چکے ہیں۔ ووٹنگ کے لیے 4 پولنگ بوتھ قائم کیے جائیں گے جبکہ ووٹرز کی تعداد 1500 کے قریب ہے۔ ووٹنگ صبح 9 بجے شروع ہو کر شام 4 بجے تک جاری رہے گی۔ الیکشن کمیٹی کے مطابق ووٹرز کو شناختی کارڈ کی بنیاد پر ووٹ کاسٹ کرنے کی اجازت ہو گی۔ ووٹرز کو ووٹ کاسٹ کرنے کے لیے اپنا شناختی کارڈ ساتھ لانا ہو گا۔ ووٹرز کو ووٹ کاسٹ کرنے کے لیے اپنا شناختی کارڈ ساتھ لانا ہو گا۔



وڑائچ ایڈووکیٹ نے اپنے ساتھیوں اور معزز احباب کے ہمراہ امیدوار برائے صدر چودھری عمران ارشاد آرائیں ایڈووکیٹ کی حمایت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ چودھری عمران ارشاد آرائیں ایڈووکیٹ ایک متحرک اور فعال وکیل ہیں اور ان کی کامیابی سے بار کی خدمت کے نئے دروازے کھلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے چودھری عمران ارشاد آرائیں ایڈووکیٹ کو ووٹ دینے کا فیصلہ کیا ہے کیونکہ وہ ایک ایسے امیدوار ہیں جو بار کے مسائل کو بخوبی سمجھتے ہیں اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے چودھری عمران ارشاد آرائیں ایڈووکیٹ کو ووٹ دینے کا فیصلہ کیا ہے کیونکہ وہ ایک ایسے امیدوار ہیں جو بار کے مسائل کو بخوبی سمجھتے ہیں اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔

بہاولپور کے لیے بڑی خوشخبری، گندے پانی سے نجات ملے گی، کروڑوں کا سیوریج منصوبہ شروع

بہاولپور میں ترقی کیلئے پانی کا بہاؤ درست کرنا ضروری ہے، گندے پانی سے نجات ملے گی، کروڑوں کی لاگت سے سیوریج کا ایک بڑا منصوبہ زیر تکمیل ہے، مشرقی و مغربی رابطہ سڑکوں میں بڑے پیمانے پر ٹریفک کی گنجائش پیدا ہوگی، وزیر اعلیٰ پنجاب



بہاولپور (نامہ نگار) بہاولپور شہر کو جلد ہی گندے پانی سے نجات مل جائیگی کروڑوں کی لاگت سے سیوریج کا ایک بڑا منصوبہ زیر تکمیل ہے جس سے بہاولپور کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر ٹریفک کی گنجائش پیدا ہوگی، وزیر اعلیٰ پنجاب کے دورے کے موقع پر پانی کی نکاسی کی چائیگی شہباز سپیڈ بہاولپور کے ماہرین کی نگرانی میں کیا جائیگا، معروف پاکستینر اور پیر میسن محمد شہریار سید تابش الوری سے ملاقات کے دوران یہ انکشاف کیا، سیوریج منصوبہ تابش الوری نے شہر میں گندے پانی کے نکاس سے متعلق بہاولپور سے بغداد الجدید تک سڑک کی تبدیلی، لاہور پنڈی چوک سے قائداعظم سولر پلانٹ کالج تک اٹھارہ کلومیٹر شہر بھر کو بھی روشنیوں کے ساتھ خوبصورت شہر بنانے کو شیشم کی طرف سے ایک تاریخی دروازوں اور بازاروں کو قدیم طرز تعمیر سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے یادیں معمور کی جارہی ہیں اور سڑکوں کو پھولوں اور روشنیوں سے گھارا جارہا ہے

انشاء اللہ جلد ہی ثبت نتائج سامنے آئیں گے انہوں نے کہا کہ ہم بہاولپور کو خوبصورت بنانے میں انکے تعاون کو خوش آمدید کہتے ہیں ایسے تاریخی منصوبے شہر بنانے کو شیشم خاندان کی طرف سے انکے تعاون کا شکریہ ادا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں اس نیک کام کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ایم این اے چوہدری عثمان علی کا خالد جاوید گجر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

مرحوم خالد جاوید گجر کے زندہ دل، ملنسار اور محبت سے بھرپور انداز نے انہیں ہر دلعزیز بنا دیا تھا، چوہدری عثمان علی



بڑے (منیر ساجد ارائیں سے) برگن قومی اسمبلی چوہدری عثمان علی نے چوہدری طارق جاوید گجر اور شاہد گجر کے بڑے بھائی خالد جاوید گجر (مرحوم) کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کی ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں چوہدری عثمان علی نے کہا کہ مرحوم خالد جاوید گجر انتہائی زندہ دل، ملنسار اور خوش اخلاق شخصیت کے مالک تھے ان کا اچانک انتقال ناقابل تلافی نقصان ہے۔ مرحوم کی خوشگوار زندہ دلی، ملنسار اور خوش اخلاقی شخصیت کے مالک تھے ان کا ہر شخص کے ساتھ پیار، محبت، خلوص اور اپنائیت سے پیش آنا انکے اعلیٰ ظرف ہونے کا ثبوت